# 29-09-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے مجالس مقامی کیلئے انتخابی شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔ 31 اضلاع کے 565 منڈلوں میں انتخابات ہوں گے۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت کے ترقیاتی اور فلاحی کاموں نے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔

۳۔ تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ ریاست میں خواتین بااختیار بن رہی ہیں۔

اور

۴۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہائی کورٹ میں حلف نامہ پیش کرتے ہوئے مجالس مقامی کے انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کیلئے اسمبلی میں اتفاقِ رائے سے منظور کردہ قرارداد کی تائید کریں۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران یکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ سات دن کے دوران ریاست میں چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی ہوگی۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور رہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست میں یکا دوکا مقامات پر بارش ہوئی۔

CANTEEN

حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر اور گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی میئر گدوال وجئے لکشمی

نے آج خیریت آباد میں اندراماں کینٹین کا افتتاح کیا۔ان کینٹینوں پر پانچ روپے میں دوپہر کے کھانے کے علاوہ اسی قیمت پر ناشتہ بھی دستیاب ہے۔جی ایچ ایم سی نے مارچ 2014ء میں اناپورنا کینٹین شروع کئے تھے جہاں پانچ روپے میں صرف دوپہر کا کھانا دستیاب تھا۔اب ان کینٹینوں کا نام تبدیل کرکے اندراماں کینٹین کردیا گیا ہے۔ جی ایچ ایم سی نے ایک بیان میں بتایا کہ اندراماں کینٹین میں کارپوریشن ہرناشتہ کیلئے 14 روپے اوردوپہر کے کھانے کیلئے 24 روپے 83 پیسے خرچ کرتا ہے۔

TRAFFIC

رچہ کنڈہ ٹرافک پولیس نے آج دلسکھ نگر کے قریب سرورنگر انڈور اسٹیڈیم میں بتکما تقاریب کے پیش نظرٹرافک تحدیدات عائد کی ہیں۔اِس پروگرام میں دس ہزار سے زیادہ خواتین شرکت کرتے ہوئے گینز عالمی ریکارڈ قائم کرنے کی کوشش کریں گی۔ٹرافک پولیس نے عوام پرزوردیا ہے کہ وہ رات 9 بجے تک ایل بی نگراورکوتہ پیٹ کے درمیان کی سڑک کے استعمال سے گریز کریں۔

SEC

ریاستی الیکشن کمیشن نے مجالس مقامی کیلئے انتخابی شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔31 اضلاع کے 565 منڈلوں میں انتخابات ہوں گے۔ حیدرآباد میں آج ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی الیکشن کمشنر رانی کمودنی نے بتایا کہ پہلے ایم پی ٹی سی اورزیڈ پی ٹی سی انتخابات ہوں گے اوراس کے بعد گرام پنچایتوں کے انتخابات منعقد کئے جائیں گے۔9 اکتوبر سے انتخابی عمل کا آغاز ہوگا اور یہ انتخابات پانچ مراحل میں مکمل ہوں گے۔دوسرا مرحلہ 27 اکتوبر کو ہوگا۔گرام پنچایتوں کیلئے پہلے مرحلہ کے انتخابات 31 اکتوبر کو ہوں گے۔دوسرا مرحلہ چار نومبر کو ہوگا اور تیسرے مرحلہ کے انتخابات

8 نومبر کو منعقد ہوں گے۔ ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی کیلئے ووٹوں کی گنتی 11 نومبر کو ہوگی۔

BHATTI:

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت کے ترقیاتی اور فلاحی کاموں نے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے مجالس مقامی کے انتخابات میں عوام کانگریس کی تائید کریں گی۔ کھمم ضلع میں مدھیرا کیمپ آفس پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے اپنے دس سالہ دورِ حکومت میں ملک کے مالی اور انتظامی نظام کو تباہ کردیا جبکہ کانگریس کی حکومت ایک منصوبہ کے تحت اس نظام کی بحالی کیلئے کوشاں ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ کانگریس نے کسانوں، خواتین اور نوجوانوں کیلئے جو فلاحی اور ترقیاتی پروگرام شروع کئے ہیں اس کے ذریعہ اس نے کئی دل جیت لئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سماجی انصاف کو یقینی بنانے کے لئے کانگریس پارٹی نے پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات فراہم کرتے ہوئے کئی دہے پرانی ان کی امنگ کی تکمیل کردی۔

KTR

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ پارٹی مجالس مقامی کے انتخابات کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پارٹی ان انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی۔تلنگانہ بھون میں آج پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے راما راؤ نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام کانگریس حکومت پر اپنا اعتماد کھو چکے ہیں اور پھر ایک بار بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں اکٹھا ہو رہے ہیں۔جوبلی ہلز سے تعلق رکھنے والے تلگو دیشم پارٹی کے سینئر لیڈر پردیپ چودھری کا بی آر ایس میں خیر مقدم کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا

کہ بی آر ایس دن بہ دن مضبوط ہورہی ہے۔انہوں نے پیش قیاسی کی کہ کانگریس حکومت کو ان انتخابات میں رسوا کن شکست ہوگی۔

HEART DAY:

دنیا بھر میں آج ہارٹ ڈے منایا جارہا ہے۔امراض قلب اوران کی روک تھام کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے ہر سال 29 ستمبر کو ورلڈ ہارٹ ڈے منایا جاتا ہے۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ آج کا دن قلب کو صحتمند رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اورقلب سے متعلق بیماریوں کی روک تھام کیلئے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متوازن تغذیہ، باقاعدگی سے ورزش اور ذہنی دباؤ سے نمٹتے ہوئے دل کو صحتمند رکھنے کے لئے بیداری پیدا کرنے یہ دن ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔انہوں نے کہا کہ صحتمند طرزِ زندگی اپناتے ہوئے دل کے امراض کے خطرہ کو کم کیا جاسکتا ہےاور مجموعی صحت کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

PONNAM:

پسماندہ طبقات کی بہبوداورٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے بی جے پی، بی آر ایس، سی پی آئی، سی پی ایم اور تلنگانہ جنا سمیتی کے بشمول تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہائی کورٹ میں حلف نامہ پیش کرتے ہوئے مجالس مقامی کے انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کیلئے اسمبلی میں اتفاقِ رائے سے منظور کردہ قرارداد کی تائید کریں۔انہوں نے کہا کہ عوامی رائے اورسماجی انصاف کے اصولوں کے مطابق یہ قدم اٹھایا گیا۔ پونم پربھاکر نے عرضی گزاروں سے کہا کہ وہ اپنے مقدمات واپس لے لیں کیونکہ بی سی کوٹہ میں اضافہ سے کسی فرقہ کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔گاندھی بھون میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں

نے کہا کہ حکومت نے اسمبلی میں اتفاق رائے سے ایک قرارداد منظور کرائی اور اسے ریاستی گورنر اور صدر جمہوریہ کو روانہ کیا۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ دیگر ریاستوں میں بھی ایسی ہی نظیر موجود ہے۔ انہوں نے ٹاملناڈو کے ایک کیس میں سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلہ کا حوالہ دیا۔ سپریم کورٹ میں تین مہینوں سے زیادہ عرصہ سے زیر التوا ئبل کو منظور شدہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پسماندہ طبقات کے لئے تحفظات کو 42 فیصد تک بڑھاتے ہوئے یہ جی او جاری کیا ہے۔

SEETHAKKA

پنچایت راج کی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت صحافیوں اور ان کے خاندانوں کی بہبود کے اپنے عہد کی پابند ہے۔ نامپلی میں میڈیا اکیڈیمی بلڈنگ میں منعقدہ ایک پروگرام میں انہوں نے حال ہی میں فوت ہونے والے 18 صحافیوں کے خاندانوں میں فی کس ایک لاکھ روپے کے چکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر سیتا اکا نے کہا کہ تلنگانہ کی تحریک میں صحافیوں نے اہم رول ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں نے چند انتظامیوں کی جانب سے مزاحمت کے باوجود اپنا کام جاری رکھا۔ اس موقع پر پریس اکیڈیمی کے چیرمین سرینواس ریڈی اور انفارمیشن اور پبلک ریلیشن کی خصوصی کمشنر پرینکا موجود تھیں۔

ARREST

حیدرآباد سائبر کرائم پولیس نے فلموں کی قزاقی کے ایک ریاکٹ کو بے نقاب کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کرلیا۔ یہ افراد کاپی رائٹ والی فلموں کی غیر قانونی تقسیم میں ملوث تھے۔ اس ریاکٹ کی مدد کرنے والے پانچ افراد کو پولیس نے نوٹسیں جاری کی ہیں۔ ہیٹ، دی تھرڈ کیس، سنگل، کوبیرا اور ہری ہرا ویرا ملو کے بشمول کئی نئی تلگو فلموں کی قزاقی کی تحقیقات کے دوران یہ گرفتاریاں عمل میں آئیں۔

BAIL

وجئے واڑہ کی اے سی بی عدالت نے شراب کے گھپلے سے متعلق کیس میں وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے لیڈر راور راجم پیٹ کے رکن پارلیمنٹ پی وی مدھون ریڈی کو آج ضمانت دے دی۔ تین ہزار دوسو کروڑ روپے کا یہ گھپلا مبینہ طور پر وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے دورحکومت میں ہوا تھا۔ اے سی بی عدالت نے مدھون ریڈی کوضمانت دیتے ہوئے ہدایت دی کہ وہ عدالت سے اجازت کے بغیر ملک سے باہر نہ جائیں۔عدالت نے انہیں دولاکھ روپے کا بانڈ پیش کرنے کی ہدایت دی۔ مدھون ریڈی کی نمائندگی کرنے والے وکیل ناگر جنا ریڈی نے بتایا کہ عدالت نے اتنی ہی رقم کی دو ضمانتیں پیش کرنے کی ہدایت دی۔

GOVERNOR

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے آج شلپارامم میں اندرامہیلاشکتی بازار کا دورہ کیا۔انہوں نے ریاست میں خواتین کو بااختیار بنانے کی کوششوں کی ستائش کی۔اس موقع پر پنچایت راج کی وزیر سیتااکا بھی موجود تھیں۔اس موقع پر گورنر نے کہا کہ خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کی جانب سے چلائے جارہے اسٹالس قابل ستائش ہیں۔انہوں نے کہا کہ سارس میلا دیہی علاقوں میں نئ سوچ اور صنعتکاری کے جذبہ کی عکاسی کرتا ہے۔اس میلے میں 20 سے زائد ریاستوں کے 150 اسٹالس لگائے گئے ہیں جہاں مختلف قسم کی اشیاء کی نمائش کی گئی ہے۔گورنر نے کہا کہ ریاست میں خواتین کو بااختیار بنانے کا عمل ایک تحریک کی شکل اختیار کرگیا ہے۔انہوں نے خواتین اور قبائلی طبقات کی معاشی ترقی کیلئے سیتااکا کی کوششوں کی ستائش کی۔

OO